
401

آیات نمبر 9 تا 18 میں قیامت کے دن انسانوں کے دوبارہ زندہ ہونے کے لئے ایک مثال ۔ اللہ کی بارگاہ میں مقبولیت کا ذریعہ صرف ایمان کے پاکیزہ کلمات اور نیک اعمال ہی ہیں۔ مال واولاد اور عمر کی کمی وزیادتی اللہ ہی کے اختیار میں ہے۔ اس کائنات میں ہر طرف پھیلی ہوئی اللہ کی قدرت کاملہ کی نشانیوں کا ذکر۔ باطل معبودوں کو کسی چیز کا اختیار نہیں ہے، صرف اللہ ہی با اختیار ہے۔ قیامت کے دن کوئی کسی کے گناہوں کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔

وَ اللّٰهُ الَّذِیْۤ اَرْسَلَ الرِّیٰحَ فَتُثِیْرُ سَحَابًا فَسُقْنٰهُ اِلٰى بَلَدٍ مَّیِّتٍ فَاَحْیَیْنَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ ۝۹ وہ اللہ ہی ہے جو ہواؤں کو بھیجتا ہے، پھر وہ بادلوں کو اٹھاتی ہیں پھر ہم ان بادلوں کو ایک بنجر و مردہ زمین کی طرف لے جاتے ہیں اور پھر اسی کے ذریعہ مردہ زمین کو زندہ کر دیتے ہیں اسی طرح روز قیامت انسان بھی زندہ ہو کر اٹھ جائیں گے مَنْ كَانَ یُرِیْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِیْعًا ؕ جو کوئی عزت کا طلبگار ہے تو اسے معلوم ہونا چاہئے کہ ساری کی ساری عزت تو اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے اِلَیْهِ یَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّیِّبُ وَ الْعَمَلُ الصَّالِحُ یَرْفَعُهٗ ؕ اور اس کی بارگاہ میں مقبولیت کا ذریعہ صرف ایمان کے پاکیزہ کلمات ہی ہیں اور نیک اعمال درجات کو بلند کرنے کا باعث بنتے ہیں وَ الَّذِیْنَ یَمْكُرُوْنَ السَّیِّاٰتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِیْدٌ ؕ وَ مَكْرُ اُولٰٓىِٕكَ هُوَ یَبُوْرُ ۝۱۰ اور جو لوگ بری تدبیریں کر رہے ہیں ان کے لئے سخت عذاب ہو گا اور ان کی تدبیریں بالآخر ناکام ہو جائیں گی وَ اللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ اَزْوَاجًا ؕ اللہ نے تمہاری تخلیق کی ابتدا مٹی سے کی پھر تمہیں نطفہ سے پیدا کیا پھر اسی نے تمہیں جوڑے جوڑے بنایا وَ مَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَ لَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ؕ اور اس کے علم کا یہ حال ہے کہ کوئی ایک عورت تک ایسی نہیں کہ جس کے حاملہ

ہونے اور وضع حمل کے بارے میں اسے علم نہ ہو وَ مَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ

مِنْ عُمُرِهٖٓ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ ؕ اور نہ کسی بڑی عمر والے کی عمر میں زیادتی کی جاتی ہے اور نہ

کسی کی عمر میں کمی کی جاتی ہے مگر یہ سب کچھ ایک کتاب میں لکھا ہوا ہے اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى

اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۱۱﴾ بے شک یہ سب کام اللہ کے لئے بہت آسان ہیں وَ مَا يَسْتَوِي

الْبَحْرٰنِ ۖ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَآئِغٌ شَرَابُهٗ وَ هٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ؕ دریا اور سمندر

کا پانی ایک جیسا نہیں، ان میں سے ایک میٹھا پیاس بجھانے والا، پینے میں خوشگوار ہے جبکہ

دوسرا کھاری اور کڑوا ہے وَ مِنْ كُلٍّ تَاْكُلُوْنَ لَحْمًا طَرِيًّا وَّ تَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً

تَلْبَسُوْنَهَا ۚ اور دونوں میں سے تم تازہ گوشت نکال کر کھاتے ہو اور زینت کا وہ سامان

نکالتے ہو جسے تم پہنتے ہو وَ تَرَى الْفُلْكَ فِيْهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَ

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲﴾ اور تم دیکھتے ہو کہ دونوں جگہ کشتیاں پانی کا سینہ چیرتی ہوئی چلتی ہیں

تاکہ تم اللہ کا فضل تلاش کرو اور اس کے شکر گزار بنو يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَ يُوْلِجُ

النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۙ وَ سَخَّرَ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ ۖ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ وہ

رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور اس ہی نے سورج اور

چاند کو کام میں لگا رکھا ہے کہ یہ اپنی رفتار سے ایک معین وقت تک چلتے رہیں گے ذٰلِكُمُ

اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ وَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ

قِطْمِيْرٍ ﴿۱۳﴾ وہی اللہ تمہارا رب ہے، ہر جگہ اسی کی بادشاہی ہے اور اُس کے سوا جنہیں تم

پکارتے ہو وہ تو ایک کھجور کی گٹھلی کے چھلکے کے برابر چیز کے بھی مالک نہیں ہیں اِنْ

تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَكُمْ ۚ وَ لَوْ سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ ؕ اگر تم

انہیں پکارو بھی تو وہ تمہاری پکار کو سن نہیں سکتے اور اگر سن بھی لیں تو تمہیں اس کا کوئی جواب نہیں دے سکتے وَ یَوۡمَ الۡقِیٰمَۃِ یَکۡفُرُوۡنَ بِشِرۡکِکُمۡ ؕ اور قیامت کے دن وہ تمہارے اس شرک کا انکار کر دیں گے وَ لَا یُنَبِّئُکَ مِثۡلُ خَبِیۡرٍ ﴿۱۴﴾ حقیقت حال کی ایسی صحیح خبر تمہیں ایک باخبر ہستی کے سوا کوئی نہیں دے سکتا صرف اللہ ہی وہ باخبر ہستی ہے جو تمہیں ایسی صحیح خبر دے سکتی ہے رکوع [۲] یٰۤاَیُّہَا النَّاسُ اَنۡتُمُ الۡفُقَرَآءُ اِلَی اللّٰہِ ۚ وَ اللّٰہُ ہُوَ الۡغَنِیُّ الۡحَمِیۡدُ ﴿۱۵﴾ اے لوگو! تم سب اللہ کے محتاج ہو اور اللہ سب سے بے نیاز ہے، اور وہی لائق حمد و ثنا ہے اِنۡ یَّشَاۡ یُذۡہِبۡکُمۡ وَ یَاۡتِ بِخَلۡقٍ جَدِیۡدٍ ﴿ۚ۱۶﴾ اگر وہ چاہے تو تم سب کو فنا کر دے اور ایک نئی مخلوق پیدا کر دے وَ مَا ذٰلِکَ عَلَی اللّٰہِ بِعَزِیۡزٍ ﴿۱۷﴾ اور یہ بات اللہ کے لئے بالکل بھی دشوار نہیں وَ لَا تَزِرُ وَازِرَۃٌ وِّزۡرَ اُخۡرٰی ؕ اور اس دن کوئی گنہگار کسی دوسرے کے گناہوں کا بوجھ نہیں اٹھائے گا وَ اِنۡ تَدۡعُ مُثۡقَلَۃٌ اِلٰی حِمۡلِہَا لَا یُحۡمَلۡ مِنۡہُ شَیۡءٌ وَّ لَوۡ کَانَ ذَا قُرۡبٰی ؕ اور اگر کوئی گنہگار کسی دوسرے کو مدد کے لئے پکارے گا بھی تو اس وقت کوئی بھی اس کا بوجھ نہیں اٹھائے گا خواہ اس کا قریبی رشتہ دار ہی کیوں نہ ہو اِنَّمَا تُنۡذِرُ الَّذِیۡنَ یَخۡشَوۡنَ رَبَّہُمۡ بِالۡغَیۡبِ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوۃَ ؕ اے پیغمبر (ﷺ)! آپ صرف انہی لوگوں کو متنبہ کر سکتے ہیں جو بغیر دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں وَ مَنۡ تَزَکّٰی فَاِنَّمَا یَتَزَکّٰی لِنَفۡسِہٖ ؕ وَ اِلَی اللّٰہِ الۡمَصِیۡرُ ﴿۱۸﴾ اور جو شخص بھی پاکیزگی اختیار کرتا ہے وہ اپنی ہی بھلائی کے لئے کرتا ہے اور سب کو بالآخر اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

